© rasailojaraid.com

تبصرے

دین و شریعت - از:- مولانا محمد منظور نعمانی - تقطیع خورد - ضخامت ۲۸۰ صفحات - کتابت و طباعت بہتر - قیمت مجلد تین روپیہ - پتہ :- کتب خانہ الفرقان کچہری روڈ - لکھنؤ -

یہ کتاب دراصل ان چند تقریروں کا مجموعہ ہے جو فاضل مصنف نے لکھنؤ کے بعض دینی اجتماعات میں مسلسل کی ہیں جیسا کہ نام سے ظاہر ہے ان تقریروں میں کوشش کی گئی ہے کہ اسلامی تعلیمات کے مختلف شعبوں پر عام فہم انداز بیان اور سلیس زبان میں گفتگو کی جائے - چنانچہ دین و شریعت کی بنیاد یعنی عقیدہ اور عمل کو متعین کرنے کے بعد پہلے توحید، عقیدۂ آخرت اور رسالت اور ان سے متعلقہ کلامی مباحث پر پھر نماز - روزہ - زکوٰۃ اور حج پر گفتگو کی ہے اس کے بعد اخلاق، سیاست و حکومت، معاملات و معاشرت - اور احسان و تصوف پر کلام کیا ہے - اس طرح یہ کتاب اگرچہ بقامت کہتر ہے لیکن اس اعتبار سے اس کے بقیمت بہتر ہونے میں شبہ نہیں ہے کہ اردو زبان کی متوسط استعداد رکھنے والا بھی اس کے ذریعہ دین و شریعت کی اہم اور بنیادی تعلیمات سے مع ان کی تشریحات و توضیحات اور دلائل و براہین کے واقف ہو جاتا ہے - فاضل مقرر نے کوشش کی ہے کہ ہر عنوانِ بحث کے مختلف پہلو اس طرح سامنے آجائیں کہ اہلِ سنت والجماعت کے عقیدہ کے مطابق اصل مسئلہ صاف اور واضح شکل میں سامنے آجائے اور اس پر جو اعتراضات وارد ہوتے ہیں ان کا بھی رد ہو جائے - اس لئے یہ کتاب عوام کے علاوہ طلبا کے بھی مطالعہ کے لائق ہے -

۱۸۵۷ء کی دلی - از جناب مہیشور دیال صاحب :- تقطیع خورد - ضخامت ۰۰ا صفحات - کتابت و طباعت اعلیٰ - قیمت مجلد تین روپیہ - پتہ :- دفتر رسالہ بیسویں صدی دہلی -

۱۸۵۷ء میں دلی والوں پر کیا بیتا گذری - ایسٹ انڈیا کمپنی کے خلاف جو طوفان اٹھا - اس کے اسباب کیا تھے؟ اور ان اسباب کی وجہ سے ہندو اور مسلمان - عالم اور جاہل - عوام اور خواص ان سب کے

© rasailojaraid.com